1 کہاں سے دیکھیں

ہمارے استاد نے ہم سے کار کی تصویر بنانے کے لیے کہا۔ ہم سب نے کار کی الگ الگ تصویریں بنائیں۔ اگلے دن سب نے بڑے جوش و خروش سے ایک دوسرے کو اپنی اپنی تصویریں دکھائیں۔ تب ہی انشول ہنسنے لگا۔ وہ دھیرج کی بنائی کار کی تصویر کو دیکھ رہا تھا۔

انشول نے کہا یہ تو ایسا لگ رہا ہے کہ ایک چھوٹا ڈبہ کسی بڑے ڈبے میں رکھا گیا ہو پھر انشول نے اپنی بنائی تصویر دھیرج کو دکھائی۔ دونوں نے ایک ہی کار کی تصویریں بنائی تھیں۔ مگر دونوں کی تصویریں بالکل مختلف دکھائی دے رہیں تھیں۔ دھیرج نے بتایا کہ اس نے کار چھت پر سے دیکھی تھی۔ کیا آپ سوچتے ہیں کہ اس کی یہ عجیب وغریب تصویر ٹھیک ہے؟

- کیا آپ نے کبھی ایک ہی چیز کو مختلف پہلوؤں سے دیکھا ہے۔
  کیا وہ چیز ہر پہلو سے ایک سی لگتی ہے یا الگ الگ؟
- ان تصویروں کو دیکھو۔ کنارے سے میز کیسی دِکھتی ہے؟ کون سی تصویر میز کو اوپر سے دیکھ کر بنائی گئی ہے؟

نیچے کچھ تصویریں بنائی گئی ہیں۔ ذرا سوچو کہ جب ان چیزوں کو اوپر سے دیکھیں گے تو یہ کیسی دکھائی دیں گی۔

کیا یہ کچھ ایسی دکھائی دیں گی؟

چلو کچھ کام کریں

A. ایک بلی ایک کلاس میں جھانک رہی ہے۔ وہ کلاس میں استاد کو ڈھونڈنا چاہتی ہے کیا آپ ٹیچر کو ڈھونڈنے میں اس کی مدد کرسکتے ہیں۔؟

B. نیچے کچھ چیزوں کی تصویریں دی گئی ہیں۔ معلوم کرو کہ کس طرف سے دیکھنے پر وہ ایسی دکھائی دیں گی۔

میز

سیڑھیاں

سیڑھیاں

بس

پنسل

کرسی

C. کچھ چیزوں کو اوپر سے دیکھ کر ان کی تصویر بنایئے اور اپنے دوستوں سے پوچھیے وہ کن چیزوں کی تصویریں ہیں؟

رنگولی

نیچے دیئے گئے نقطوں کا استعمال کرکے آپ بھی نمونے بنا سکتے ہیں۔ دو نمونے یہاں بنائے گئے ہیں۔

آپ خود دوسرے اور پیٹرن بنائیے

ان اشکال کو ڈاٹ گرڈ پر نقل کیجیے۔

1۔ یہ نوٹ کیجیے کہ کچھ خطوط اشکال میں سیدھے ہیں اور کچھ نہیں۔

2۔ درج ذیل میں دیئے گئے ڈاٹ گرڈ کا استعمال کرتے ہوئے اپنی پسند کی شکلیں اور پیٹرن بنائیے۔

3۔ ان اشکال کو مکمل کر کے مربع اور مستطیل بنائیے۔

4۔ نیچے دیئے گئے ڈاٹ گرڈ کا استعمال کرتے ہوئے مندرجہ ذیل تصویریں بنائیں۔

(a) ایک پتنگ (b) ایک پتّا (c) ایک پھول

(d) ایک کشتی (e) ایک ستارہ (f) ایک برتن

ڈاٹ گرڈ پر مختلف شکلوں کو بنانے سے بچوں میں اشکال اور تشاکلات کے فہم کو فروغ ملتا ہے۔ یہ سبق اُن سرگرمیوں سے شروع ہوتا ہے جس میں یہ دکھایا گیا ہے کہ کس طرح دو ابعادی تصاویر کو 3 ابعادی اشیا سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ تشاکلات، شکلوں کا ایک اہم پہلو ہے جس کی مزید تشریح سبق 5 میں کی گئی ہے۔

جیسے کو تیسا

ایک دن امینہ ایک مصوّر (تصویر بنانے والا) سے ملی۔

کیا تم میری تصویر بنا سکتے ہو؟

ہاں، ضرور! میں اس کے لیے 200 روپے لوں گا۔

تھوڑی دیر بعد مصوّر نے اسے اپنی بنائی ہوئی تصویر دکھائی۔

امینہ! تمھیں یہ کیسی لگی؟

لیکن یہ تو صرف آدھی ہے!

باقی آدھا حصہ بھی بالکل ایسا ہی ہے۔ بس آئینہ سامنے رکھو تم کو پوری تصویر مل جائے گی۔

کیا اب مجھے میرے پیسے ملیں گے؟

امینہ نے اسے 100 روپے کا نوٹ دیا۔

لیکن یہ تو 200 روپے کا آدھا ہی ہے!

بچا ہوا آدھا حصہ بالکل ایسا ہی ہے۔ اس لیے ایک آئینہ نوٹ کے سامنے رکھنا تم کو پورے پیسے مل جائیں گے! ہا، ہا!

مصوّر نے ایسی بہت ساری تصویریں بنائیں جس میں اس نے ان چیزوں کا صرف آدھا حصہ ہی بنایا۔ ان تصویروں کے باقی بچے حصوں کو بنائیے اور پتہ لگائیے کہ یہ کن چیزوں کی تصویریں ہیں۔ ان چیزوں کے لئے آئینہ کی مدد لی جاسکتی ہے۔

کیا ہم درج ذیل تصاویر بنانے میں مصوّر کی ترکیب کو دہرا سکتے ہیں؟

آپ مصوّر سے ایسی چیزوں کی تصویر بنانے کے لیے کہتے ہیں جو ایک جیسے دو حصوں میں نہ بانٹی جاسکیں۔ تو وہ اب یہ ترکیب استعمال نہیں کر پائے گا۔ تین اور ایسی چیزوں کی تصاویر بنایئے جنہیں آئینہ کی تصویر کی طرح دو برابر حصوں میں نہیں بانٹا جاسکے۔

2019-20

نصف شبیہ

نقطہ دار خط پر آئینہ رکھ کر دیکھنے پر کیا آدھا حصہ ایسا ہی دکھائی دے گا جیسا کہ تصویر میں دکھائی دیتا ہے؟

کچھ اور مثالیں دیجیے۔

اوپر دیئے گئے دو مستطیلوں میں نقطہ دار خط ہر ایک کو دو مساوی نصفوں میں کاٹتا ہے لیکن غور کیجیے کہ یہ دونوں نصف حصے ایک دوسرے کے آئینہ دار نہیں ہیں۔

کیا آپ درج ذیل تصویروں کو نقطہ دار خط کا استعمال کر کے دو برابر حصوں میں بانٹ سکتے ہیں؟

کیا آپ ان حروف کا اندازہ
ان کے آدھے حصّے سے کر سکتے ہیں؟

ان حروف کا استعمال کر کے ہم ایسے الفاظ بھی بنا سکتے ہیں جن کے دو برابر حصے ہو سکتے ہیں۔

دیئے گئے الفاظ کے آدھے حصے کو دیکھ
کر پورے کا انداز لگایئے۔

ماسک بنانا

اب میں آپ کو بتاتا ہوں کہ ایک بلی کا ماسک کیسے بنایا جاتا ہے؟

کاغذ کا ایک ٹکڑا لیجیے۔

1 اس کو بیچ سے موڑیے۔

2 ایک طرف جیسا دکھایا گیا ہے ویسی تصویر بنائیے۔

3 قینچی سے اسے کنارے کنارے کاٹ لو۔

4 اب اسے کھولو اور آنکھ، ناک وغیرہ بناؤ۔

5 اس میں رنگ بھریئے اور اس کے پیچھے ایک ربر بینڈ باندھ دو۔ آپ کا ماسک تیار ہے۔

آپ نیچے دی گئی تصویروں کی مدد سے بہت سارے ماسک بنا سکتے ہیں۔